تاریخ:26 جنوری 2026ء

پیمار مضان سرکلر 2026ء

محترم مقامی صدر، پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔

ہم کتنے خوش نصیب ہیں کہ رمضان المبارک ایک بار پھر ہم پر سایہ فگن ہونے والا ہے۔ یہ وہ مہینا ہے جس میں قرآن مجید نازل کیا گیا، جو سراسر ہدایت ہے۔ اس مہینے کو روزوں کے لیے خاص کیا گیا ہے۔ روزہ اللہ کے حکم پر اور اس کی رضا وخوشنودی کے لیے، خاص حدود قیود کے ساتھ بعض مباحات سے رک جانے کا نام ہے۔ اسی کے پیش نظر اللہ نے کہا ہے کہ **"روزہ میرے لیے ہے، اور میں خود اس کا بدلہ دوں گا۔"** (بخاری)

روزے کی فرضیت کے حوالے سے اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے: **"ایمان والو! تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں، جس طرح تم سے پہلوں پر فرض کیے گئے تھے، تاکہ تم تقویٰ حاصل کرو۔"** (البقرۃ: 183) روزے کا مقصد تقویٰ ہے، اور اس کے معنی یہ ہیں کہ انسان اپنے شب وروز کو اللہ کے مقرر کردہ حدود میں رکھ کر اپنی زندگی بسر کرے۔ روزے کی حالت میں نفس کے بنیادی مطالبات پر پابندی لگانے سے احساس بندگی اور اللہ تعالیٰ کے حضور جوابدہی کا احساس پیدا ہوتا ہے اور اسی طرح صبر کی تربیت کے لیے روزے سے بہتر اور موثر کوئی اور طریقہ نہیں ہو سکتا۔

نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے ایمان اور احتساب کے ساتھ رمضان کے روزے رکھے، اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔ (بخاری)

حضور ﷺ رمضان سے پہلے ہی تیاری شروع کر دیتے تھے۔ ہمیں بھی چاہیے کہ اس ماہ مبارک کی رحمتوں اور برکتوں سے فیض یاب ہونے کے لیے انفرادی وتنظیمی سطح پر جامع منصوبہ بندی کریں۔ اس ضمن میں چند گزارشات آپ کی خدمت میں پیش کی جارہی ہیں۔

رمضان پروگرامات:

- مقامی سطح پر استقبال رمضان کے پروگرام کا انعقاد کریں اور ان کے ایجنڈا میں درج ذیل امور بھی شامل کریں:
  - مطالعہ قرآن
  - روزہ، تربیت نفس اور تزکیہ نفس کا ذریعہ (عالم دین)
  - روزے کے طبی مسائل (ماہر طب)
  - پینل ڈسکشن
  - پیما کا تعارف
- یہ پروگرامات کلینک، ہسپتال اور میڈیکل کالج میں منعقد کیے جاسکتے ہیں۔
- پروگرام میں پیما ممبر شپ فارم کی دستیابی یقینی بنائیں، نیز پیما پبلی کیشنز کے سٹال کا بھی اہتمام کریں۔
- پروگرام میں شریک افراد کا مرکزی فارمیٹ کے مطابق Attendance شیٹ پر حاضری کا ریکارڈ پیما مرکز ضرور بھجوائیں۔
- اسی فارمیٹ کے مطابق افطار پروگرامات کا بھی انعقاد کیا جائے۔
- ہر مقام شب بیداری کا کم از کم ایک پروگرام ضرور منعقد کرے۔

PIMA

PAKISTAN ISLAMIC MEDICAL ASSOCIATION

We seek the pleasure of Almighty ALLAH through character building and service to mankind

رمضان المبارک کے بابرکت موقع پر پیما پبلی کیشنز کی شائع کردہ کتب کی ترسیل اور تقسیم کا خصوصی اہتمام کیجیے۔ یہ کتب نہ صرف فہمِ دین میں معاون ہیں بلکہ انفرادی و اجتماعی اصلاح کا مؤثر ذریعہ بھی ہیں۔ بالخصوص درج ذیل کتب پیما پبلی کیشنز سے دستیاب ہیں:

- ماہ رمضان (ماہ محبت) از ڈاکٹر ام کلثوم — **قیمت:** 120 روپے
- صیام رمضان — **قیمت:** 30روپے
- رمضان اور انفاق فی سبیل اللہ — **قیمت:** 30روپے
- قرآن سیکھنا کیوں ضروری ہے — **قیمت:** 60روپے
- قرآن کا معجزہ — **قیمت:** 70روپے

رابطہ برائے پیما پبلی کیشنز:

پیما مرکز: 03325564935

ڈاکٹر خبیب شاہد: 03009432492

رمضان المبارک انفرادی تربیت، تزکیۂ نفس اور اللہ سے تعلق مضبوط کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ ہر مومن کو چاہیے کہ وہ اس بابرکت مہینے سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے۔ اس حوالے سے چند اہم تجاویز پیشِ خدمت ہیں:

- **توبہ و استغفار:** رمضان سے قبل سچی توبہ کریں، اللہ کے حضور گریہ وزاری اور اپنی اصلاح کا عزم کریں۔
- **نماز و نوافل:** باجماعت فرض نمازوں کے ساتھ اشراق، چاشت، تہجد اور دیگر نوافل کا بھی اہتمام کریں۔
- **قرآن سے تعلق:** روزانہ قرآن کی تلاوت کریں اور اس کے ترجمہ و تفسیر سے رہنمائی لیں۔
- **تراویح:** مکمل قرآن سننے کی سعادت حاصل کریں اور اس سے روحانی تقویت پانے کی کوشش کریں
- **اذکار و دعائیں:** سحر و افطار اور روزمرہ معمولات میں مسنون اذکار و دعاؤں کا اہتمام کریں۔
- **تہجد:** سحری سے پہلے قیام اللیل کا اہتمام کریں، یہ اللہ سے قربت کا بہترین ذریعہ ہے۔
- **انفاق فی سبیل اللہ:** زکوٰۃ اور صدقات کے ذریعے ضرورت مندوں کی مدد کریں۔
- **لیلۃ القدر:** آخری عشرے میں اس مبارک رات کی تلاش کریں اور زیادہ سے زیادہ عبادت، دعا اور استغفار میں مشغول رہیں۔
- **اعتکاف:** اگر ممکن ہو تو آخری عشرے میں اعتکاف کریں، یہ روحانی پاکیزگی اور تزکیۂ نفس کے لیے بے حد اہم ہے۔
- **صدقہ فطر:** عید الفطر سے قبل مستحقین تک صدقہ فطر پہنچانے کا اہتمام کریں تاکہ وہ بھی عید کی خوشیوں میں شریک ہو سکیں۔
- **دینی کتب کا مطالعہ:** سیرت، حدیث، فقہ اور دیگر دینی علوم پر مبنی مستند کتب کا مطالعہ کریں تاکہ دین کی سمجھ میں اضافہ ہو۔

اللہ تعالیٰ ہمیں رمضان المبارک کی برکتوں سے بھرپور استفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

مرکزی شعبہ دعوت و تربیت

پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما)